26.08.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................................. کلیم احمد

Music

★ بھارت اور سنگاپور تجارتی اور اقتصادی رابطوں کو مستحکم بنانے کی خاطر آج دوسرے وزارتی گول میز مذاکرات کررہے ہیں۔

2 سرکار نے مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ میں پانچ نئے ضلعے بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

3 BJPنے جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے 15 امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔

4 پاکستان کے بلوچستان صوبے میں مسلح افراد نے پنجاب صوبے کے 23 مسافروں کو، اُن کی شناخت کا پتہ لگانے کے بعد ہلاک کردیا۔

5 بنگلہ دیش میں طلباء اور سکیورٹی اہلکاروں کے درمیان جھڑپوں میں کم از کم 30 افراد زخمی ہوگئے۔

6 اور: سری کرشن جنماشٹمی کا تہوار پورے ملک میں مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ بڑی تعداد میں عقیدتمند پوجا آرچنا کیلئے مندروں میں جارہے ہیں۔

Music

اب خبریں تفصیل سے...

INDIAN-SINGAPORE ROUNDTABLE

بھارت اور سنگاپور کے درمیان دوسرے گول میز وزارتی مذاکرات آج سنگاپور میں شروع ہورہے ہیں۔ میٹنگ کے دوران دونوں فریق باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں اور کلیدی ساجھیداری کے مختلف شعبوں کا جائزہ لیں گے۔ دونوں ملک اپنی ساجھیداری کو وسعت دینے اور نئی بلندی پر لے جانے کے نئے راستوں کی نشاندہی بھی کریں گے۔

اس میٹنگ میں بھارت کی طرف سے وزیر خارجہ ڈاکٹر  ایس جے شنکر، وزیر خزانہ نرملاسیتارمن، ریلویز، اطلاعات ونشریات اور الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نیز کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل شرکت کررہے ہیں۔ اِن وزیروں نے آج سنگاپور کے صدر اور وزیراعظم سے ملاقات کی اور صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی کی طرف سے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔×

SITARAMAN FATF

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے آج سنگاپور میں مالی اُمور سے متعلق ایکشن ٹاسک فورس FATF کے سابق صدر ٹی.راجاکمار سے ملاقات کی۔ انہوں نے ٹاسک فورس کے صدر کی حیثیت سے اپنے عہدے کی معیاد کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے پر جناب راجا کمار کو مبارکباد پیش کی۔ محترمہ سیتارمن نے ٹاسک فورس کی کارروائی منصفانہ انداز سے چلانے کیلئے بھی FATF کے سابق صدر کی ستائش کی۔ دونوں رہنماؤں نے FATF کے مستقبل اور تنظیم میں بھارت کے رول کے بارے میں تبادلہ خیال بھی کیا۔×

RBI GOVERNOR

ریزرو بینک کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا ہے کہGEM ، یوپی آئی اورULI ، یہ تینوں وسیلے بھارت کی ڈیجیٹل ادائیگی نظام میں ایک انقلابی قدم کی عکاسی کرتے ہیں۔ وہ بینگلورو میں ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے بارے میں عالمی کانفرنس کے آغاز کے موقع پر اظہار خیال کر رہے تھے۔ جناب شکتی کانت داس نے کہا کہ ڈیجیٹل ادائیگی سے متعلق موجودہ نظام کے ذریعہ محفوظ طریقے سے اور تیزی کے ساتھ رقومات منتقل کی جاسکتی ہیں۔×

MHA LDAKH

مرکزی سرکار نے اپنے زیر انتظام علاقے لداخ میں پانچ نئے ضلعے بنانے کا فیصلہ کیا ہے، جو زنسکار، دراس، Sham، نُبرا اور چانگ تھانگ ہوں گے۔ مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ اُمور داخلہ کی وزارت نے ایک ترقی یافتہ اور خوشحال لداخ بنانے کے وزیراعظم نریندرمودی کے نظریئے کے عین مطابق مرکز کے زیر انتظام علاقے میں پانچ نئے ضلعے بنانے کا فیصلہ کیاہے۔ انھوں نے کہا کہ سرکار نے لداخ کے لوگوں کیلئے وافر مواقع دستیاب کرانے کا عہد کررکھا ہے۔

PM-LADKH

وزیراعظم نریندر مودی نے لداخ میں پانچ نئے ضلعے بنائے جانے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ یہ اچھی حکمرانی اور خوشحالی کی سمت ایک قدم ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ زَنسکار، دراس، Sham، نُبرا اور چانگ تھانگ ضلعوں پر اب زیادہ توجہ مرکوز کی جائے گی اور مختلف خدمات اور مواقع بھی وہاں کے لوگوں کے زیادہ قریب ہوجائیں گے۔ جناب مودی نے لداخ کے عوام کو بھی مبارکباد پیش کی۔×

PM-AUSTRALIAN PM

وزیراعظم نریندر مودی نے آسٹریلیا کے وزیراعظم Anthony Albanese سے فون پر بات کی۔ جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بتایا کہ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کی پیش رفت اور Quad سمیت کثیر ملکی فورموں میں اشتراک کا جائزہ لیا۔×

KOLKATA CBI HOSPITAL

مرکزی جانچ بیورو CBIکولکاتہ کے RG کَر میڈیکل کالج اسپتال میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کے سلسلے میں آج دوسرے دِن بھی کولکاتہ میں تلاشی کی

اپنی کارروائی جاری رکھے ہوئے ہے۔ مرکزی جانچ ایجنسی کالج کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور دیگر افراد سے لگاتار پوچھ تاچھ کررہی ہے۔

CBIنے کَل اِس کیس کے سلسلے میں 15 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی تھی۔ RG کَر میڈیکل کالج اسپتال میں ایک زیر تربیت خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے معاملے پر جونیئر ڈاکٹروں کی ہڑتال جاری ہے، جس کی وجہ سے مغربی بنگال میں سرکار کے زیر انتظام اسپتالوں میں حفظان صحت کی خدمات درہم برہم ہیں۔ مغربی بنگال کے جونیئرڈاکٹروں کے محاذ نے اِس کیس کی مناسب چھان بین اور قصور وار افراد کو عبرتناک سزا دیئے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔x

RAJNATH-US VISIT

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ امریکہ کے اپنے دورے کے کَل آخری دن Tennessee میں Memphisکے مقام پر قومی شہری حقوق میوزیم دیکھنے گئے اور بھارتی برادری کے لوگوں سے ملاقات کی۔Memphis ، ایٹلانٹا اور Nashville سے تعلق رکھنے والے غیر مقیم بھارتی افراد کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے جناب راجناتھ سنگھ نے بھارتی برادری کی کامیابیوں اور معاشرے، سائنس اور معیشت میں اُن کے رول کو سراہا۔ جناب سنگھ نے انہیں بھارت اور امریکہ کے درمیان ایک جیتے جاگتے پُل سے تعبیر کیا، جو قریبی تعلقات اور خیرسگالی کے جذبے کو تقویت پہنچارہے ہیں۔

جناب راجناتھ سنگھ نے قومی شہری حقوق میوزیم کے نزدیک مہاتما گاندھی سے وابستہ نمائش کے سلسلے کا اہتمام کرنے کیلئے بھارتی برادری کی کوششوں کو بھی سراہا۔×

BJP-J&K LIST

BJPنے جموں وکشمیر میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے 15 امیدواروں کی ایک نئی فہرست جاری ہے۔ پارٹی نے پامپور سے سید شوکت غیور اندرابی کو ٹکٹ دیا ہے، جبکہ شوپیاں سے جاوید احمد قادری، راجپورہ سے ارشد بھٹ، اننت ناگ سے ایڈووکٹ سید وجاہت، کشتواڑ سے محترمہ Shagun Parihar اور ڈوڈہ سے Gajay سنگھ رانا کو امیدوار بنایا گیا ہے۔

اِدھرا راکیش ٹھاکر رام بَن سیٹ سے چناؤ لڑیں گے، جبکہ بانیہال سے سلیم بھٹ اور ڈوڈہ ویسٹ سے شکتی راج پریہار امیدوار ہوں گے۔ اس سے پہلے BJP نے جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات کیلئے 44 امیدواروں کی فہرست جاری کی تھی، جسے بعد میں واپس لے لیا گیا۔

جموں وکشمیر میں اسمبلی چناؤ تین مرحلوں میں کرائے جائیں گے اور پہلے مرحلے میں اگلے مہینے کی 18 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ 90 ارکان پر مشتمل جموں وکشمیر اسمبلی کیلئے ووٹوں کی گنتی 4 اکتوبر کو ہوگی۔×

PIB FECT CHECK FRAUD

سرکار نے اُس Link کو فرضی قرار دیا ہے، جس میں وزارت خزانہ کی طرف سے 46 ہزار روپے سے زیادہ کی مالی امداد ملنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اطلاعات و نشریات کی وزارت کے حقائق کی تصدیق سے متعلق شعبے نے کہا ہے کہ غریبوں کیلئے مالی امداد کی آڑمیں پیغام رسانی کی ایک App کے ذریعے یہ فرضی خبر پھیلائی جارہی ہے۔

اِس کے تحت لوگوں سے فرضی Link کے ذریعے اپنی ذاتی تفصیلات پیش کرنے کو کہا جاتا ہے۔ وزارت نے اِس دعوے کو غلط قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ یہ فرضی ہے۔ x

PAK GUNMAN

پاکستان میں کوئٹہ سے کوئی 317 کلومیٹر دور بلوچستان کے موسیٰ خیل ضلعے میں مسلح افراد نے لوگوں کی شناخت کا پتہ لگانے کے بعد ٹرکوں اور بس مسافروں پر گولیاں

چلائیں۔ اِس واقعے میں کم از کم 23 افراد مارے گئے۔ موسیٰ خیل کے اسسٹنٹ کمشنر نجیب کاکڑ کے مطابق مسلح افراد نے ضلعے میں بین صوبائی شاہراہ کی ناکہ بندی کردی تھی اور مسافروں کو ٹرکوں اور بسوں سے اُتار کر اُن کی شناخت کا پتہ لگانے کے بعد اُن پر فائرنگ کی۔ معلوم ہوا ہے کہ مرنے والے افراد کا تعلق پاکستان کے صوبۂ پنجاب سے تھا۔x

BANGLADESH INJURED PEOPLE

بنگلہ دیش کی راجدھانی ڈھاکہ میں کَل رات سینٹرل سکریٹریٹ کے نزدیک طلباء اور احتجاج کرنے والے انصار عملے کے اہلکاروں کے درمیان جھڑپوں میں کم از کم 30 افراد زخمی ہوگئے۔ یہ تصادم اِن اطلاعات کے تناظر میں کَل رات 9 بجے شروع ہوا کہ تفریق مخالف طلباء یونین کے سرکردہ لوگوں کو سکریٹریٹ میں بند کردیا گیا ہے۔
یہ خبر پھیلتے ہی ڈھاکہ یونیورسٹی کے طلباء بڑی تعداد میں جمع ہوگئے اور اپنے رابطہ کاروں کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے سکریٹریٹ کے علاقے کی جانب مارچ کرنے لگے۔ اِس سے پہلے کَل دِن میں نیم فوجی ذیلی فورس بنگلہ دیش انصار کے اہلکاروں نے سکریٹریٹ کمپلیکس کی ناکہ بندی کردی تھی، تاکہ کوئی بھی شخص وہاں نہ تو داخل ہوسکے اور نہ باہر جاسکے۔ یہ اہلکار اپنی ملازمت کو قومی شکل دیئے جانے کا مطالبہ کررہے تھے۔x

SOUTH KOREA MPOX

جنوبی کوریا میں اس سال اب تک MPox کے 11 معاملات سامنے آئے ہیں۔ البتہ یہ سبھی کیس Clade-2 وائرس کے تھے، جو کم مہلک مانا جاتا ہے۔ بیماریوں پر کنٹرول اور روک تھام سے متعلق جنوبی کوریا کی ایجنسی کے مطابق MPox کے تازہ معاملے کی اطلاع پچھلے مہینے ملی تھی۔ ادارے نے کہا ہے کہ صحت حکام نے جان لیوا نئے وائرس سے نمٹنے کی خاطر سرحدوں پر طبی جانچ کا عمل تیز کردیا ہے۔
جنوبی کوریا میں پچھلے سال بھی MPox کے 151 معاملات سامنے آئے تھے۔ اِن میں سے بیشتر مریض مرد تھے۔ ایجنسی نے کہا ہے کہ سانس میں دشواری کی بیماری کے برعکس

روز مرہ کی سرگرمیوں سے MPox کے پھیلنے کا امکان نہیں ہے۔ لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ صفائی ستھرائی کے بنیادی اقدامات پر عمل کریں۔×

JANMASHTAMI

بھگوان کرشن کی پیدائش کا دن، جنماشٹمی پورے ملک میں منایا جارہا ہے۔ بڑی تعداد میں عقیدتمند بھگوان کرشن کی پوجا اَرچنا کیلئے مندروں میں جارہے ہیں۔ بھگوان کرشن کی پیدائش کا جشن منانے کیلئے اترپردیش میں متھرا اور وِرندا وَن میں سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ بھگوان کرشن کی جائے پیدائش متھرا میں ہزاروں مندروں کو بڑی خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا ہے۔ اِن میں بانکے بہاری مندر، پریم مندر، Iskconمندر اور شری کرشن جنم بھومی مندر شامل ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے سبھی لوگوں کو جنماشٹمی کے موقع پر مبادکباد دی ہے۔×

★★★★★★★★★★★★★